احمدی احباب کی تعلیم و تربیت کے لئے

ہفتہ 17۔ستمبر 2011ء

روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FR-10

الفضل

ایڈیٹر : عبدالسمیع خان

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

ہفتہ 17 ستمبر 2011ء 18 شوال 1432 ہجری 17 تبوک 1390 ہش جلد 61-96 نمبر 213

قانون کی حکمرانی

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع فرماتے ہیں :۔

سورۃ التکویر میں سمندری لڑائیوں کی پیشگوئی ہے جب کثرت سے سمندروں میں جہاز رانی ہوگی اور اس کے نتیجہ میں دُور دُور کے لوگ آپس میں ملائے جائیں گے یعنی صرف جانور ہی اکٹھے نہیں کئے جائیں گے بلکہ بنی نوع انسان بھی ملائے جائیں گے۔ وہ دور قانون کا دور ہوگا یعنی تمام دنیا پر قانون کی حکمرانی ہوگی یہاں تک کہ انسان کو یہ بھی اختیار نہیں دیا جائے گا کہ خود اپنی اولاد کے ساتھ ظلم کا سلوک کرے۔ یہ دور کثرت سے کتب و رسائل کی اشاعت کا دَور ہوگا اور آسمان کے رازوں کی جستجو کرنے والے گویا آسمان کی کھال ادھیڑ دیں گے۔ اس دن دوزخ بھی بھڑکائی جائے گی جو جنگ کی دوزخ بھی ہوگی اور آسمانی غضب کی دوزخ بھی ہوگی۔ اس کے باوجود جو لوگ اللہ تعالیٰ کی تعلیم پر عمل پیرا ہوں گے اور اس پر ثابت قدم رہیں گے ان کے لئے جنت نزدیک کردی جائے گی ہر شخص کو علم ہو جائے گا کہ اس نے اپنے لئے آگے کیا بھیجا ہے۔

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

یہ پیشگوئی کہ یاتیک ....جس کے یہ معنے ہیں کہ ہر ایک جگہ سے اور دور دراز ملکوں سے نقد اور جنس کی امداد آئے گی اور خطوط بھی آئیں گے۔ اب اس صورت میں ہر ایک جگہ سے جواب تک کوئی روپیہ آتا ہے یا پارچات اور دوسرے ہدیے آتے ہیں یہ سب بجائے خود ایک ایک نشان ہیں کیونکہ ایسے وقت میں ان تمام باتوں کی خبر دی گئی تھی جبکہ انسانی عقل اس کثرت مدد کو دور از قیاس و محال سمجھتی تھی۔ ایسا ہی یہ دوسری پیشگوئی یعنی یاتون ....جس کے یہ معنے ہیں کہ دور دور سے لوگ تیرے پاس آئیں گے یہاں تک کہ وہ سڑکیں ٹوٹ جائیں گی جن پر وہ چلیں گے۔ اس زمانہ میں یہ پیشگوئی بھی پوری ہوگئی چنانچہ اب تک کئی لاکھ انسان قادیان میں آچکے ہیں اور اگر خطوط بھی اس کے ساتھ شامل کئے جائیں جن کی کثرت کی خبر بھی قبل از وقت گمنامی کی حالت میں دی گئی تھی تو شاید یہ اندازہ کروڑ تک پہنچ جائے گا مگر ہم صرف مالی مدد اور بیعت کنندوں کی آمد پر کفایت کرکے ان نشانوں کو تخمیناً دس لاکھ نشان قرار دیتے ہیں۔ بے حیا انسان کی زبان کو قابو میں لانا تو کسی نبی کے لئے ممکن نہیں ہوا۔ لیکن وہ لوگ جو حق کے طالب ہیں وہ سمجھ سکتے ہیں کہ ایسے گمنامی کے زمانہ میں جس کو قریباً پچیس ۲۵ برس گزر گئے جبکہ میں کچھ بھی چیز نہ تھا اور کسی قسم کی شہرت نہ رکھتا تھا اور کسی بزرگ خاندان پیرزادگی سے نہ تھا تا رجوع خلائق سہل ہوتا۔ اس قدر کھلے طور پر آئندہ زمانہ کے عروج اور ترقیات کی خبر دینا اور پھر ان چیزوں کا اسی طرح بعد زمانہ دراز وقوع میں آجانا کیا کسی انسان سے ہوسکتا ہے اور کیا ممکن ہے کہ کوئی کذاب اور مفتری ایسا کرسکے۔ میں باور نہیں کرسکتا کہ جو شخص پہلے انصاف کی نظر سے اس زمانہ کی طرف نظر اٹھا کر دیکھے جبکہ براہین احمدیہ تالیف کی گئی تھی اور ابھی شائع بھی نہیں ہوئی تھی اور ایک جوڈیشل تحقیقات کے طور پر خود موقع پر آکر دریافت کرے کہ اس زمانہ میں میں کیا چیز تھا اور کس قدر خمول اور گمنامی کے زاویہ میں پڑا ہوا تھا اور کیسے مہجور اور مخذول کی طرح لوگوں کے تعلقات سے الگ تھا اور پھر ان پیشگوئیوں کو جو حال کے زمانہ میں پوری ہوگئیں غور سے دیکھے اور تدبر سے ان پر نظر ڈالے تو اس کو ان پیشگوئیوں کی سچائی پر ایسا یقین آجائے گا کہ گویا دن چڑھ جائے گا۔ مگر بخل اور تعصب اور نفسانی کبر اور رعونت کی حالت میں کسی کو کیا غرض جو اس قدر محنت اٹھائے بلکہ وہ تو تکذیب کی راہ کو اختیار کرے گا جو بہت سہل کام ہے اور کوشش کرے گا جو کسی طرح ان نشانوں کے قبول کرنے سے محروم رہے۔

(براہین احمدیہ جلد پنجم ۔ روحانی خزائن جلد21ص75)

ضرورت اساتذہ

ناصر ہائیر سیکنڈری سکول دارالیمن وسطی ربوہ کو مندرجہ ذیل مضامین کیلئے خدمت کا شوق رکھنے والے احمدی مرد اساتذہ و کارکنان کی ضرورت ہے۔ مذکورہ اہلیت کے حامل احمدی احباب سے درخواست ہے کہ وہ اپنی درخواستیں بنام ناظر صاحب تعلیم صدر انجمن احمدیہ ربوہ مصدقہ از صدر محلہ/ امیر جماعت مع اپنی اسناد کی نقول جلد از جلد سکول میں جمع کروادیں۔ واقفین نو میں سے اگر کوئی اس معیار پر پورا اترتے ہوں تو ان کی درخواست کو ترجیحاً زیر غور لایا جائے گا۔

ریاضی: بی ایس سی،

کمپیوٹر سائنس: ایف اے/ ایف ایس سی،

لیب اسسٹنٹ: کمپیوٹر لیب کو سنبھالنے کی اہلیت ہو۔ تجربہ کو ترجیح دی جائے گی۔

(پرنسپل ناصر ہائیر سیکنڈری سکول ربوہ)

نیلامی سامان

نظامت جائیداد کے سٹور میں مندرجہ ذیل سامان موجود ہے۔ بذریعہ نیلامی مورخہ 22 ستمبر 2011ء کو صبح 8:30 بجے فروخت کیا جائے گا۔ خواہشمند افراد استفادہ فرماویں نیلامی کی رقم موقع پر نقدی کی صورت میں وصول کی جائے گی۔

سامان

1۔A.C
2۔الماریاں لکڑی+کرسیاں
3۔الیکٹرک واٹر کولر
4۔سیلنگ فین+ایگزاسٹ فین
5۔ائیر کولر
6۔متفرق سامان سکریپ+لکڑی

(ناظم جائیداد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ)

رپورٹ: مکرم لئیق احمد مشتاق صاحب مربی سلسلہ

رمضان المبارک میں جماعت احمدیہ سرینام کی مساعی

خداتعالیٰ کے فضل سے جماعت احمدیہ سرینام کو مسلسل گیارہویں سال رمضان المبارک کے مقدس ایام میں روزانہ شام چھ بجے 15 منٹ کا ایک ٹی وی پروگرام پیش کرنے کی توفیق ملی۔ گذشتہ چھ سالوں سے یہ پروگرامز ملک کے مشہور ٹی وی چینل رادیکا (Radika Ch.14) کے ذریعہ پیش کئے جارہے ہیں۔ جس کی انتظامیہ عام روٹین سے ہٹ کر ان پروگرامز کیلئے انتہائی مناسب معاوضہ وصول کرتی ہے۔

امسال بھی ہم نے نئے اور بہتر انداز سے یہ پروگرام تیار کئے، اور گذشتہ سال سوال وجواب کی صورت میں پروگرامز کا جو سلسلہ شروع کیا تھا اس کو مزید بہتر بناتے ہوئے امسال سترہ پروگرام سوال وجواب کی صورت میں تیار کئے۔ پروگراموں کا آغاز رویت ہلال کے بارے میں دینی تعلیم اور دور حاضر کی ٹیکنالوجی کے استعمال کے طریق سے ہوا، باقی تمام پروگرام رمضان المبارک کی فرضیت، اہمیت، فضائل وبرکات اور مسائل کی مناسبت سے پیش کئے گئے۔ قرآن مجید کی عظمت، تلاوت قرآن مجید کی اہمیت اور اس کی برکات کے حوالے سے بھی پروگرام تیار کئے گئے۔ جماعتی روایات کے مطابق تمام پروگرام قرآن مجید، احادیث رسول ﷺ تحریرات حضرت مسیح موعود اور ارشادات خلفاءِ کرام سے مزین کرکے مکمل حوالوں کے ساتھ پیش کئے گئے۔ اِن پروگرامز کی ریکارڈنگ میں دس، جبکہ ایڈیٹنگ میں تین افراد نے حصہ لیا۔ پروگرامز کی نشریات کا آغاز رمضان المبارک سے دو دن قبل ہوا اور چاند رات تک جاری رہا۔ جماعت کا ہفتہ وار پروگرام جو خداتعالیٰ کے فضل وکرم سے ''راپارٹی وی'' (RBN,Ch.5) پر جنوری 2002ء سے باقاعدگی سے جاری ہیں وہاں سے بھی پانچ پروگرام رمضان المبارک کے حوالے سے پیش کئے گئے۔

رمضان المبارک کے آخر میں 45 منٹ کا عید سپیشل پروگرام پیش کیا گیا جس میں صرف اطفال اور ناصرات نے حصہ لیا۔ اس مقصد کیلئے 15 بچوں کو خاص طور پر تیاری کروائی گئی، اس پروگرام کی ریکارڈنگ میں 25 بچوں نے حصہ لیا۔ پروگرام میں تلاوت، ترجمہ نظمیں اور عید کے دن کے حوالے سے سنت رسول ﷺ اور رسول خدا ﷺ کے پاکیزہ ارشادات پیش کئے گئے۔ یہ پروگرام خداتعالیٰ کے فضل سے بہت مقبول ہوا اور بہت زیادہ پسند کیا گیا۔

مجموعی طور پر ان بابرکت ایام میں جماعت کو 38 پروگرامز پیش کرنے کی توفیق ملی جن پر کل دس گھنٹے وقت صرف ہوا۔

خداتعالیٰ کے فضل سے مسلمانوں کے علاوہ کثیر تعداد میں غیروں نے بھی ان پروگرامز کو دیکھا، ان کے معیار کو سراہا، اور بہت اچھے الفاظ میں ان کی تعریف کی۔ گذشتہ سالوں کی طرح امسال بھی ان پروگرامز کا تمام خرچ افراد جماعت کی ڈونیشن سے پورا کیا گیا۔

رمضان المبارک کی فرضیت، اہمیت اور برکات کے حوالے سے ایک مضمون ملک کے کثیر الاشاعت روزنامہ ''داخ بلاد سرینام'' (Dagblad SURINAME) کے صفحہ A6 پر مورخہ 4/اگست بروز جمعرات شائع ہوا۔

رمضان المبارک کے آخری عشرہ کی فضیلت اور اعتکاف کے مسائل کے حوالے سے ایک مضمون مورخہ 20/اگست بروز ہفتہ ملک کے ایک اور کثیر الاشاعت روزنامے ٹائمز آف سرینام (Times of SURINAME) کے صفحہ 5 پر اور یہی مضمون روزنامہ (Dagblad SURINAME) میں بدھ 24/اگست کو صفحہ A6 پر شائع ہوا۔

عیدالفطر کی برکات اور سنت رسول ﷺ کی روشنی میں حقیقی عید کے حوالے سے ایک مضمون اِسی اخبار میں مورخہ 30/اگست کو شائع ہوا۔ بڑی تعداد میں لوگوں نے ان مضامین کے بارے میں تعریفی ریمارکس بھجوائے، اور ان مضامین کے معیار کی تعریف کی۔

مرکزی بیت ناصر میں روزانہ نماز تراویح اور درس کے علاوہ 17 سترہ اجتماعی افطاریوں کا انتظام کیا گیا۔ جن میں حاضری 80 سے 100 تک رہی۔

امسال ایک ٹی وی چینل نے روزانہ مختلف مساجد میں جاکر افطار اور نماز کی ریکارڈنگ اور لوگوں سے انٹرویو کا سلسلہ شروع کیا۔ مورخہ 7/اگست کو ان کی ٹیم ہماری بیت الذکر میں آئی۔ افطار اور نماز کی ریکارڈنگ کے علاوہ تین افراد جماعت کا انٹرویو لیا۔ محترم صدر صاحب نے انہیں حضرت مسیح موعود اور نظام جماعت کا تعارف کروایا، قرآن مجید کے تراجم، ایم ٹی اے اور جماعت کی عالمی خدمات کا مفصل ذکر کیا۔ یہ پروگرام مورخہ 8/اگست کو ٹی وی پر نشر ہوا۔

مورخہ 19/اگست کو اِس ٹی وی چینل کی انتظامیہ کا فون آیا کہ ہماری ٹیم 15 مساجد میں جا چکی ہے، جو تکریم اور عزت افزائی انہیں آپ کی بیت میں ملی ہے وہ اور کسی جگہ نہیں ملی۔ لہٰذا وہ ایک بار پھر آپ کی بیت میں آنا چاہتے ہیں۔ چنانچہ مورخہ 21/اگست یہ لوگ پھر ہماری بیت میں آئے اور تین گھنٹے سے زائد وقت یہاں گزارا۔ بچوں کی نظم ریکارڈ کی، نماز مغرب، نمازِ تراویح اور کھانے کی ریکارڈنگ کی اور پانچ افراد جماعت کا انٹرویو لیا۔ جس میں انہیں رمضان المبارک کی برکات اور آخری عشرہ کی فضیلت کے علاوہ ایک بار پھر جماعت احمدیہ کی عالمی حیثیت اور عقائد سے آگاہ کرنے کا موقعہ ملا۔ گفتگو کے دوران اُس نمائندے نے یہ سوال بھی کیا کہ پچھلی دفعہ آپ نے ہمارا بہت اچھا استقبال کیا اور مہمان نوازی کی، آپ نے یہ طریق کہاں سے سیکھے ہیں۔ اس پر انہیں مہمان نوازی کے حوالے سے حضرت محمد ﷺ اور آپ کے عاشق صادق کی سنت کے بارے میں بتانے کی توفیق ملی۔ اس پروگرام کی مکمل ریکارڈنگ مورخہ 23/اگست کو ٹی وی پر نشر ہوئی۔

مورخہ 25/اگست کو بھارتی سفیر نے اپنی سرکاری رہائش گاہ پر افطاری کا پروگرام رکھا۔ جس میں مسلمان عمائدین کے علاوہ اعلیٰ سرکاری حکام کو دعوت دی گئی۔ جماعت کی مرکزی مجلس عاملہ کے سات ممبران کے علاوہ 14 افراد جماعت اس پروگرام میں شامل ہوئے۔

مورخہ 31/اگست 2011ء ملک میں عیدالفطر منائی گئی۔ دن ساڑھے نو بجے مرکزی بیت ناصر میں نماز عید ادا کی گئی۔ نماز کی حاضری 250 کے قریب تھی۔ متعدد غیر از جماعت افراد بھی نماز میں شامل ہوئے۔

اس خوشی کے موقعہ پر نیشنل اسمبلی کے ممبر اور سابق منسٹر مسٹر چند ریکا پرشاد سنتوکھی کو مہمان خصوصی کی حیثیت سے مدعو کیا گیا، ہالینڈ کی پولیس اکیڈمی سے تعلیم مکمل کرنے کے بعد انہوں نے کئی سال سرینام کے کمشنر آف پولیس کی حیثیت سے کام کیا۔

2005ء سے 2010ء تک منسٹر آف جسٹس اینڈ پولیس کی حیثیت سے فرائض انجام دئے۔ موصوف اس وقت منشیات کی ترسیل اور استعمال کے خلاف قائم ایک بین الاقوامی تنظیم (Inter American Drug Abuse Control Commission) کے صدر ہیں۔ علاقے کے 34 ممالک اس تنظیم کے رکن ہیں۔ جولائی 2011ء میں انہیں ملک کی سب سے بڑی سیاسی پارٹی کا صدر بھی منتخب کیا گیا ہے۔ ان کے ساتھ نیشنل اسمبلی کے ممبر اور سابق منسٹر مسٹر گنیش کمار کندھائی اور تین اور معزز مہمان بھی تھے۔ حسب سابق امسال بھی بھارتی سفیر مسٹر کنول جیت سنگھ سوڈھی، اور ایمبیسی کے سٹاف کو بھی دعوت دی گئی تھی۔ مہمان خصوصی اور انڈین ایمبسڈر نے حاضرین سے خطاب کیا اور عید کی مبارکباد پیش کی۔ ایک ٹی۔وی چینل نے محترم صدر صاحب کے علاوہ معزز مہمانوں کا انٹرویو لیا، اور افراد جماعت کو عید کی خوشیوں کو ریکارڈ کیا۔ یہ پروگرام اُسی رات 9 بجے ٹی وی پر نشر ہوا۔

حسب روایت امسال بھی تقریباً تین سو افراد کیلئے کھانا تیار کیا گیا تھا۔ یہ کھانا گھروں پر تقسیم کیا گیا تھا۔ اور افراد جماعت اپنے خرچ پر تیار کرکے لائے تھے۔ نماز سے فارغ ہونے کے بعد تمام شاملین کی خدمت میں خدام اور لجنہ کی ٹیموں نے الگ الگ سویاں، کھانا اور دوسرے لوازمات پیش کئے۔ اور خداتعالیٰ کے فضل سے یہ کام بھی احسن رنگ میں مکمل ہوا۔ تمام مہمانوں کیلئے مشن ہاؤس میں کھانے کا انتظام کیا گیا تھا۔ اور ظہرانے کے بعد معزز مہمان دن 12 کے قریب واپس گئے۔ عالمگیر جماعت احمدیہ کی خدمت میں جماعت سرینام کے نفوس واموال میں برکت کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

صحبت دلبر

ہم بھی دلبر کی پیاری صحبت میں
چند لمحے گزار آئے ہیں

دیکھ کر ان کا چہرۂ روشن
زنگ دل کا اتار آئے ہیں

صبح دیکھا ہے، شام بھی دیکھا
خوش بہت، مشکبار آئے ہیں

دست بوسی معانقے بھی ہوئے
عاقبت یوں سنوار آئے ہیں

خوش نصیبی ہے آپ کی طاہر
کر کے دیدارِ یار آئے ہیں

مبارک طاہر

پبلشر و پرنٹر : طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ
مطبع: ضیاء الاسلام پریس
مقام اشاعت : دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ
قیمت 5 روپے

عربی زبان کے قواعد صرف ونحو کی تدوین کی تاریخ

قسط اول

مکرم مقبول احمد ظفر صاحب

کسی زبان کے قواعد سے مراد وہ اصول وضوابط ہیں جو اس زبان کے درست یا غلط ہونے کے بارے میں بتاتے ہیں اور ان کے نتیجہ میں یہ علم ہوتا ہے کہ اہل زبان اس زبان کو کیسے استعمال کرتے تھے اور کس طرح اس کو اپنی کتابوں میں لکھا کرتے تھے اور کس کس موقع پر کون کون سے الفاظ کو بولا یا لکھا کرتے تھے۔

کسی زبان کے قواعد کی تعیین

کسی بھی زبان کے قواعد اس کے وجود میں آنے کے بعد معین کئے جاتے ہیں۔یعنی زبان تو موجود ہوتی ہے، ترقی کر رہی ہوتی ہے لیکن پھر بعض ضروریات کے پیش نظر اس زبان کا مشاہدہ کرتے ہوئے اس کے قواعد کو معیّن کیا جاتا ہے جو دراصل پہلے ہی اس زبان کے ساتھ لازم وملزوم کی طرح مدغم ہوتے ہیں اس لئے ہم یہ نہیں کہیں گے کہ قواعد کو بنایا جاتا ہے یا ایجاد کیا جاتا ہے کیونکہ ان کا وجود تو زبان کے معرض وجود میں آتے ہی آجاتا ہے، بلکہ ہم یہ کہیں گے کہ زبان کو مدنظر رکھ کر قواعد کی تعیین کی جاتی ہے۔

اہل زبان ہی قواعد صرف ونحو کی اصل کنجی ہیں

زبان اپنی ترقی اور ترویج کے لئے قواعد کی محتاج نہیں ہوتی بلکہ زمانے کی ضروریات کے مطابق اور زمانے کے اثرات کے مطابق اگر کوئی زبان بدلتی ہے تو اس کے قواعد بھی خود بخود بدل جاتے ہیں۔قواعد کا اصل مصدر یا مرجع اس زبان کے بولنے والے افراد ہی ہوتے ہیں اور آپ ان بولنے والوں کو بعض اصول وقواعد کا پابند نہیں کرسکتے۔ چنانچہ مرور زمانہ کے ساتھ جیسے جیسے اس زبان میں تبدیلی آتی ہے بالکل ویسی ہی تبدیلی اس زبان کے قواعد کے ساتھ بھی لاحق ہو جاتی ہے۔ یہ بھی ضروری نہیں کہ کسی زبان کے قواعد کی تعیین اس زبان کو بولنے والے ہی کریں بلکہ بعض دفعہ غیر زبان کو جاننے والے بھی کسی زبان کے قواعد کی تعیین کردیتے ہیں جیسا کہ اردو زبان کے قواعد کی تعیین ابتدائی طور پر ایک انگریز نے کی۔

قواعد کی تدوین کرنے کے اسباب

قواعد دراصل زبان کے وجود کے آنے کے ساتھ ہی وجود میں آجاتے ہیں لیکن ان کی واضح شکل وصورت ابھر کر اس وقت سامنے آتی ہے جب کسی ضرورت کے پیش نظر ان کی تعیین کی جاتی ہے اور پھر ان تعیین شدہ اصول وضوابط کو بعض اصطلاحی نام دے دیئے جاتے ہیں جو اس زبان کے قواعد کہلاتے ہیں۔ یہ ممکن ہے کہ کوئی زبان سینکڑوں سالوں سے موجود ہو اور ترقی کر رہی ہو لیکن اس کے قواعد کی تعیین نہ کی جاسکی ہو لیکن پھر ان سینکڑوں سال کے گزرنے کے بعد کسی ضرورت کے پیش نظر اس کے قواعد کی تعیین کی جائے جیسا کہ عربی زبان کے ساتھ ہوا۔عربی زبان دنیا کی قدیم ترین زبان ہے اور اس میں سے مختلف زبانیں نکلیں ہیں بلکہ دنیا کی تمام زبانوں کا اس عربی زبان سے نکلنا ثابت ہو چکا ہے اور وہ زبانیں جو عربی زبان کے قریب ترین ہیں جن کو Semetic languages یعنی سامی زبانیں کہتے ہیں جو کم وبیش فرق کے ساتھ الگ طور پر ابھریں اور الگ الگ زمانوں میں انہوں نے ترقی کی، ان کے قواعد اگرچہ مختلف ہیں لیکن آپس میں بہت زیادہ مشابہت رکھتے ہیں۔ اس طرح عربی زبان کے مختلف لہجے بعثت اسلام کے وقت رائج تھے مثلاً بنوتمیم کا لہجہ، بنوہذیل کا لہجہ، اہل یمن کا لہجہ اور قریش کا لہجہ۔ ان سب لہجوں میں قواعد کے لحاظ سے کئی اختلافات تھے۔ اگرچہ یہ زبانیں یا لہجے آپس میں بہت مشابہت رکھتے ہیں اور انہیں لہجوں میں سے قریش کے لہجے میں قرآن نازل ہوا اور آنحضرتؐ کی عربی زبان بھی اسی لہجہ کی حامل زبان تھی اور اہل عرب میں بھی اسی لہجے کو تمام عربی لہجوں میں سے سب سے زیادہ فصیح وبلیغ سمجھا جاتا تھا۔قرآن کریم کے نزول کے بعد جب غیر اقوام قرآن کریم کو پڑھتیں یا انہیں عربی سیکھنے کی ضرورت محسوس ہوئی تو اس زبان کی صحت برقرار رکھنے کی خاطر تاکہ قرآن کو صحیح پڑھا جائے اور اس میں کوئی غلطی نہ ہو، عربی زبان کے قواعد کی تعیین کی گئی۔

قواعد عربی کی تعیین کا سبب کیا چیز بنی؟

اس حوالے سے مختلف روایات مشہور ہیں۔مثلاً امام سیوطی لکھتے ہیں کہ ”ایک اعرابی حضرت عمرؓ سے ملا اور اس نے قرآن سیکھنے کی خواہش کا اظہار کیا تو آپ نے اسے مکّہ میں بھیجا تاکہ وہ وہاں سے قرآن سنے۔ وہ جب ایک مجلس میں گیا تو وہاں کوئی صاحب قرآن کریم پڑھ رہے تھے اور وہ یہ آیت پڑھ رہے تھے اِنَّ اللّٰہَ برئ من المشرکین ورسولِہٖ۔ (رسولہ کی ل پر پیش کی بجائے وہ زیر پڑھ رہا تھا) اور اس کا مطلب یہ بن جاتا ہے کہ اللہ بیزار ہے مشرکوں سے اور اپنے رسول سے تو اس آدمی نے یہ کہنا شروع کر دیا کہ جس رسول سے اللہ بیزار ہے میں بھی اس سے بیزاری کا اظہار کرتا ہوں۔ یہ خبر جب حضرت عمرؓ تک پہنچی تو آپ نے اس کو بلا کر سارا واقعہ سنا اور اس آیت کو درست کر کے پڑھا کہ اِنَّ اللّٰہَ برئ من المشرکین ورسولُہٗ ۔کہ اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول مشرکوں سے بیزاری کا اعلان کرتا ہے اور پھر حضرت عمرؓ نے اَبوالاَسود الدولی کی یہ ڈیوٹی لگائی کہ وہ قرآن کریم کی زبان عربی کے قواعد کی تعیین کریں۔بعض روایات یہ کہتی ہیں کہ حضرت علیؓ نے اَبوالاَسود الدولی کی یہ ڈیوٹی لگائی تھی اور بعض دیگر روایات کے مطابق حضرت علیؓ کے دور کے بعد ان قواعد کی تعیین کا کام شروع ہوا۔

اَبوالاَسود الدولی اور قواعد عربی کی تدوین

زیادہ تر روایات اور مروجہ نظریات کے مطابق اَبوالاَسود الدولی ہی وہ شخصیت ہیں جنہوں نے عربی زبان کے قواعد کی تعیین کی بنیاد رکھی۔اَبوالاَسود الدولی کا پورا نام ظالم بن امر بن سفیان بن جندل تھا۔ان کی وفات 69 ہجری میں ہوئی اور یہ بصرہ کے رہنے والے تھے۔لیکن بعض لوگوں کی رائے کی مطابق نصر بن عاصم الدولی اور بعض اور لوگوں کی رائے کے مطابق عبدالرحمٰن بن ہرمز نے عربی نحو کا آغاز کیا

(اخبار النحويين البصريين للقاضی أبی سعيد الحسن بن عبد الله السيرافی 284=368ھ صفحہ 15۔16 مطبع وناشر شرکة مکتبة ومطبعة مصطفی البابی الحلبی والأولاد له بمصر)

لیکن اکثر کی رائے کے مطابق اَبوالاَسود الدولی ہی وہ شخصیت ہیں جنہوں نے اس کام کا آغاز کیا اور آپ کے بعد آپ کے شاگرد یحیٰ بن یعمر نے اس کام کو آگے بڑھایا۔

(مراتب النحويين صفحہ 22)

ایک قدیم روایت جس کو زبیدی نے مبرد سے نقل کیا اس کے مطابق ابوالاسود سے ایک دفعہ پوچھا گیا کہ آپ کو کس نے عربی نحو کی طرف توجہ دلائی اور کس نے اس کا آغاز کیا تو انہوں نے کہا کہ مجھے علی بن اَبی طالب سے یہ علم ملا اور ایک اور روایت میں وہ کہتے ہیں کہ حضرت علیؓ نے مجھے اس علم کے بعض اصول بتائے جن کی میں نے پیروی کی۔

(طبقات النحويين واللغويين لأبی بکر محمد بن حسن الزبيدی الأندلسی الطبعة الثانية۔ دارالمعارف بمصر ۱۱۱۹ کورنيش نيل القاهرة۔ صفحہ 21۔ نیز: مراتب النحويين صفحہ 24)

انہیں روایات کو مدنظر رکھتے ہوئے بعض مورخین یہ کہنے میں حق بجانب ہیں کہ وہ شخص جس نے سب سے پہلے عربی نحو کی تعیین کی وہ امیرالمومنین علی بن ابی طالب تھے کیونکہ انہوں نے ہی ابوالاسود کی اس طرف توجہ دلائی اور اس حوالے سے رہنمائی فرمائی۔

تدوین کے آغاز کے بارے میں بعض اختلافات

اس بارے میں بھی اختلاف ہے کہ اس علم کے آغاز کا سبب کیا تھا۔بعض روایات کے مطابق ایک اعرابی نے قرآنی آیت کو غلط پڑھا۔بعض اور روایات کے مطابق بعض عربوں نے والی عراق زیاد کے سامنے غلط عربی بولی اور بعض دیگر روایات کے مطابق ابوالاسود الدولی نے بصرہ میں ایک فارسی شخص کو غلط عربی بولتے سنا، یا بعض اور روایات کے مطابق ابوالاسود نے اپنی بیٹی کو غلط عربی بولتے سنا تو انہوں نے اس کا ذکر حضرت عمر بن خطاب سے کیا یا حضرت علی بن ابوطالب سے کیا یا زیاد جو والی عراق تھے ان سے کہا کہ لوگوں کی عربی زبان کی اصلاح کی جائے پھر اس کے بعد انہوں نے ان غلطیوں سے بچنے کے لئے قرآنی عبارات پر نقطے ڈالنے کا آغاز کیا مثلاً فتحہ ،کو ظاہر کرنے کے لئے حرف کے اوپر نقطہ ڈالتے تھے کسرہ کے لیے حرف کے نیچے نقطہ ڈالتے تھے اور ضمّہ کے لئے حرف کے سامنے نقطہ ڈال دیتے تھے اور تنوین کے ظاہر کرنے کے لئے دو نقطے ڈالتے تھے جن کی روشنائی کا رنگ باقی عبارت کی روشنائی سے مختلف ہوتا تھا۔ یہ نقطے ہی پھر بعد میں موجودہ زیر، زبر، پیش اور تنوین کی شکل اختیار کر گئے۔اس لحاظ سے بعض مورخین ابوالاسود الدولی کی طرف نقطے لگانے کا کام ہی منسوب کرتے ہیں۔

عربی نحو کے حوالے سے ابتدائی طور پر کیا کام ہوا یا کس قدر کام ہوا اس کے بارے میں بھی روایات زیادہ واضح نہیں ہیں۔ ابن ندیم نے اپنی کتاب ''الفہرست'' صفحہ 46 میں یہ لکھا ہے کہ انہوں نے عربی عبارت کے چار پرانے ورق دیکھے جن میں أبو الأسود الدولی نے فاعل اور مفعول کی تعیین کی ہوئی تھی اور یہ تعیین یحیٰ بن یعمر نے اپنے قلم سے کی تھی لیکن اس کو اپنے استاد أبوالأسود الدولی کی طرف منسوب کیا ہے۔ اور طبقات الشعراء للجمحي اور طبقات النحويين واللغويين للزبیدی کے مطابق أبوالأسود الدولی نے ابتداء میں فاعل، مفعول، مضاف الیہ، حروف الجراور رفع، نصب اور جزم لانے والے حروف کے ابواب باندھے'' ابو البرکات الانباری (المتوفی 577ھ) نُزْهَةُ الألباء فی طبقات الأدباء۔ مكتبة المنار الأدن طبعة ثالثة 1985 صفحہ 18'' میں اور ''اَلْقَفَطِي إِنْبَاهُ الرواة على إبناه النحاة۔ دارالفكر العربى القاهرة الطبعة الأولى 1986 جلد1 صفحہ 4'' میں یہ روایات نقل کرتے ہیں کہ حضرت علی بن ابی طالب نے ابوالاسود کی طرف کچھ صفحات لکھ کر بھیجے جن میں عربی نحو کے بنیادی اصول لکھے گئے اور اس میں لکھا کلام اسم، فعل اور حرف پر مشتمل ہوتا ہے اور اسم وہ ہے جو کسی کے نام پر دلالت کرے اور فعل وہ ہے جو کسی اسم کی حرکت کے بارے میں بتائے اور حرف اس مفہوم کے بارے میں بتاتا ہے جو نہ اسم میں ہوتا ہے اور نہ فعل میں ہوتا ہے۔

تدوین کی تاریخ میں ایک کڑی مفقود ہے

ایک چیز بڑی حیران کن ہے کہ عربی نحو کی تاریخ کو ملاحظہ کرنے کے بعد اچانک ہمارے سامنے تقریباً 200 ہجری میں لکھی جانے والی سیبویہ کی کتاب '' الکتابُ'' نمودار ہوتی ہے یا سامنے آتی ہے۔ اور یہ درمیانی زمانہ جو أبوالأسود الدولی کی وفات سے لے کر خلیل یا سیبویہ تک کا زمانہ ہے اس میں یہ کڑیاں غائب ہیں کہ اس درمیانی زمانہ میں اس علم نے کیسے ترقی کی۔

اس وقت قرآن کریم کی عبارت پر نقطے نہیں لگائے جاتے تھے اور حرکات لگانے کا سلسلہ بھی بعد میں شروع ہوا جس وقت قواعد کی تعیین کی گئی تو اس وقت یہ کہا جاتا تھا کہ اِرفَعْہ یعنی اس کو رفع کردو یا اِنصِبْہ اس کو منصوب کردو یا جُرَّہٗ اس کو جر دے دو یا مجرور کردو یا اِہْمِزْ یعنی یہاں ہمزہ لگادو وغیرہ وغیرہ۔ ابتدائی دور میں قواعد کی ابتدائی تعیین ہوئی اور پھر اس میں وسعت پیدا ہونے لگی۔ وہ علماء جنہوں نے قواعد کو ابتدائی طور پر وسعت دی ان میں مشہور نام خلیل بن احمد الفراھیدی کا ہے۔ اور خلیل کے بعد اس کے شاگرد سیبویہ نے ان قواعد کی تعیین اور اس کی تفصیل بیان کرنے کو مزید وسعت دی اور اپنے کام کو کتابی شکل میں مرتب کیا اور اس طرح قواعد پر پہلی کتاب جو لکھی گئی وہ سیبویہ کی ہے جس کا نام بھی ''الکتاب'' ہی مشہور ہے یعنی ''الکتابُ لسیبویہ''۔ پھر جب علماء نے اس پر کام کرنا شروع کیا تو ان کے آپس میں اختلافات بھی ہونے لگے اور مختلف مکاتب ہائے فکر سامنے آنے لگے جن میں سے تین مشہور مکتبہ ہائے فکر ''بصری'' اور ''کوفی'' اور ''بغدادی'' ہیں لیکن باہمی اختلاف کے لحاظ سے بصری اور کوفی زیادہ مشہور ہیں۔ عموماً اہل بصرہ کا جو نقطہ نظر ہوتا تھا اہل کوفہ اس کے الٹ نظریہ پیش کرنے کی کوشش کرتے اور جو اہل کوفہ کا نقطہ نظر ہوتا تو اہل بصرہ اس کے خلاف نقطہ نظر پیش کرتے تھے اس طرح دونوں مکتبہ ہائے فکر دلائل سے اپنے اپنے نظریات کو ثابت کرنے لگے لیکن یہ اختلاف اس لحاظ سے عربی قواعد کے لئے رحمت ثابت ہوا کہ کسی بھی قاعدہ کے حق میں یا مخالفت میں کثیر مواد سامنے آگیا اور عربی زبان کے اصول و قواعد کے اسرار و رموز کثرت کے ساتھ جمع ہوگئے۔

قواعد نحو کی تعیین قرآن کے ساتھ ہوئی

اکثر علماء اس بات پر بہرحال متفق ہیں کہ قرآن کریم میں نقطے لگانے کا کام أبوالأسود الدولی نے ہی کیا اور اگر اسی کام کو عربی نحو کی بنیاد سمجھا جائے تو بلاشک وشبہ أبوالأسود الدولی ہی اس کے بانی کہلانے کے مستحق ہیں۔ لیکن عربی نحو کی تاریخ کو اگر ہم وسیع النظری کے ساتھ دیکھیں تو پتا چلتا ہے کہ قرآن کریم کے نزول کے وقت ہی اس کی منظّم طور پر تدوین کی بنیادیں پڑ گئیں تھیں۔ عرب اہل زبان تو قرآن کریم کے نزول سے قبل ہی یہ سمجھتے تھے کہ فاعل، مرفوع ہوتا ہے اور مفعول منصوب ہوتا ہے اور حرف جر کے بعد آنے والا لفظ یا کلمہ مجرور ہوتا ہے۔ یہ اور بات ہے کہ وہ ان اصطلاحوں ''مرفوع''، ''منصوب''، ''مجرور'' سے اس طرح واقف نہیں تھے جس طرح بعد میں آنے والے لوگ ان عربی کلمات کے ان اصطلاحی معنوں سے واقف ہوئے۔ اسی طریقے سے دیگر قواعد کے بارے میں تمام اہل زبان شعوری طور پر یا لاشعوری طور پر واقف تھے کیونکہ اگر وہ ان بنیادی اصولوں کو نہ جانتے ہوتے تو عربی زبان کو درست شکل میں کیسے بول سکتے تھے اور پھر عربوں میں بعض لوگ لکھنا پڑھنا بھی جانتے تھے اور بعض عرب دوسروں سے سیکھتے بھی تھے اگرچہ اسلام سے قبل اس کا رواج بہت کم تھا لیکن حضرت ابوبکر صدیقؓ اور حضرت عمرؓ جیسے عرب لکھنے اور پڑھنے سے واقفیت رکھتے تھے۔ اور اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ انہوں نے یہ لکھنا پڑھنا کسی سے سیکھا تھا اور یہ کہ جب بھی کوئی عرب لکھنا پڑھنا سیکھتا تھا یا کوئی کسی کو عربی زبان لکھنا پڑھنا سکھاتا تھا تو وہ ساتھ ہی عربی زبان کے نحو کے اصول و قواعد کو بھی سیکھتا یا سکھاتا تھا کہ فلاں کلمے کو رفع کے ساتھ پڑھنا ہے یا نصب کے ساتھ پڑھنا ہے یا جر کے ساتھ پڑھنا ہے یا کیسے پڑھنا ہے۔ اس لحاظ سے اگر یہ کہا جائے کہ نحو عربی کی تدوین کا آغاز أبوالأسود الدولی نے کیا جن کا زمانہ حضرت علیؓ اور آپ کے بعد کے زمانے پر پھیلا ہوا ہے تو یہ بات پوری طور پر درست نہیں ہوگی۔ درست انداز پر عربی زبان کو لکھنا اور پڑھنا تو زمانہ جاہلیت ہی سے سکھایا جاتا تھا بلکہ یہ کہنا زیادہ درست ہوگا کہ ہر زبان کی طرح عربی زبان کے وجود میں آتے ہی اس کے قواعد کا وجود بھی تھا اور اہل عرب اپنے بچوں کو اور غیر اہل زبان کو یہ زبان سکھاتے تھے تو اس زبان کے اصول و قواعد کے ساتھ ہی اس زبان کو سکھاتے تھے۔ لیکن جہاں تک منظّم شکل میں قواعد عربی کی تدوین کی ابتداء کا تعلق ہے تو اس کا آغاز قرآن کریم کے نزول کے ساتھ ہی ہوگیا جب آنحضرتؐ پر قرآن کریم نازل ہوتا تو آپؐ اس کو یاد کر لیتے اور پھر صحابہ کو سناتے اور اگر کوئی صحابی غلط پڑھتا تو آپ اس کی تصحیح فرماتے۔ عربی نحو کا اس کے علاوہ اور کیا مطلب ہوگا کہ غلط عربی کی اصلاح کر کے اس کو درست کرنا، تو یہ کام تو باقاعدہ طور پر آنحضرتؐ نے قرآن کریم کی برکت سے شروع کردیا تھا۔ جیسا کہ کاتب وحی حضرت زید بن ثابت الانصاری سے مروی ہے آپ نے فرمایا:

میں آنحضرتؐ کے پاس وحی لکھا کرتا تھا اور آپؐ مجھے وحی لکھوایا کرتے تھے اور جب میں فارغ ہوتا تو آپؐ مجھ سے فرماتے اسے پڑھو تو میں اس کو پڑھتا اور اگر اس میں کوئی غلطی ہوتی تو آپؐ اس کو درست کر دیتے پھر میں اسے لے کر لوگوں کے پاس جاتا۔

(اَلْمَعْرِفَةُوَالتَارِيْخ لِلْبَسْوي جلد 1صفحه171 المكتبة الشاملة) نیز (ادب الكُتَّاب للصولي الجزء الثانى باب ماجاء فى رد جواب الكتاب والحض على التكاتب صفحه 165)

اس کے علاوہ روایات میں آتا ہے کہ آنحضرتؐ خود لوگوں کے سامنے قرآن پڑھا کرتے تھے اور جب کوئی شخص اسلام میں داخل ہوتا تو آپؐ اسے صحابہ کی طرف بھیجتے اور صحابہ سے فرماتے۔ یعنی اپنے بھائی کو دین کے بارے میں سکھاؤ اور اس کو قرآن کریم پڑھاؤ اور سکھاؤ۔

حضرت عمرؓ فرماتے ہیں کہ میں نے آنحضرتؐ کو یہ کہتے ہوئے سنا۔ ''اللہ تعالیٰ نے اس آدمی پر رحم کیا جس نے اپنی زبان کی درستگی کی''۔

(جامع الأحاديث للسيوطى حرف الراء الجزء 113لصفحة 17المكتبة الشاملة۔ نیز: كنز العمال الجزء العاشر الصفحة251۔المكتبة الشاملة موقع يعسوب۔)

ایک اور حدیث میں آتا ہے حضرت ابوالدرداء آنحضرتؐ سے روایت کرتے ہیں۔ فرماتے ہیں کہ ایک دفعہ آنحضرتؐ نے ایک آدمی کو غلط قرآن کریم پڑھتے ہوئے سنا تو آپؐ نے فرمایا اَرْشِدُوا أخاكم، کہ اپنے بھائی کی اصلاح کرو یا اپنے بھائی کو درست پڑھنا سکھاؤ۔ (المستدرك على الصحيحين للحاكم تفسير سورة حم السجدة۔ و المزهر فى علوم اللغة للسيوطى الجزء الثانى باب معرفة الطبقات والحفاظ والثقات والضعفاء)

علاوہ ازیں آنحضرتؐ نے مختلف علاقوں میں اپنے مختلف صحابہ کرام کو قرآن کریم سکھانے کی غرض سے بھیجا۔ مثلاً ہجرت سے قبل حضرت معصب بن عمیر کو مدینہ بھیجا اور یمن کی طرف حضرت معاذ بن جبل اور حضرت ابوموسیٰ الاشعری کو بھیجا۔ اسی طرح حضرت اُبی بن کعب مدینہ میں لوگوں کو قرآن کریم پڑھانے کی ذمہ داری پر مامور تھے نیز آپ نے اہل بحرین اور بنوحنیفہ اور وفد غامد کو بھی قرآن کریم پڑھنا سکھایا اور آنحضرتؐ آپ کے قرآن کریم پڑھنے کو بہت پسند کرتے تھے یہاں تک کہ آپؐ نے حضرت اُبی بن کعب کے بارے میں فرمایا: أقْرَأُ أُمَّتي أُبي بن كعب : کہ اُبی بن کعب میری امت میں سے سب سے بہترین قرآن پڑھنے والے ہیں۔

(الطبقات الكبرىٰ لمحمدبن سعد بن منبع أبو عبد الله البصري الزهري الناشر: دار صادر۔ بيروت الطبعة الأولى 1968ء جلد 2 صفحہ 341 زیر أبي بن كعبؓ۔ اور جلد3 صفحہ 498)

قرآن کریم کا لوگوں کے سامنے درست انداز میں پڑھا جانا اور غلط پڑھنے والے لوگوں کی اصلاح کروانا اور پھر قرآن کریم کا لکھا جانا اور اس چیز کی نگرانی کہ وہ درست لکھا جائے یہ وہ پہلا منظّم کام تھا جو نحو عربی کی بنیاد بنا اور اس طرح مختلف علاقوں کے عرب جن کے عربی زبان کے لہجے مختلف تھے۔ ایک ہی عربی زبان یا لہجے پر یعنی قریش کے لہجہ پر متفق ہوگئے۔

ہومیو ڈاکٹر نذیر احمد مظہر صاحب

الرجک دمہ کا مؤثر ہومیو ہربل علاج

دمہ کی علامات، اسباب اور کھانے میں پرہیز واحتیاطیں

س۔دمہ کیا ہے؟

ج۔دمہ سانس لینے میں دشواری محسوس کرنے یا ہانپنے کی ایک کیفیت کا نام ہے۔

س۔دمہ کے مریض پر کیا بیتتی ہے؟

ج۔دمہ کے مریض پر سانس رکنے کے کئی حملے ہوتے ہیں۔حملوں کے درمیان ایسے لمحات بھی آتے ہیں۔جن میں مریض بالکل نارمل سانس لیتا ہے۔

س۔دمہ کی علامات کیا ہیں؟

ج۔دمہ کے عارضے میں مبتلا افراد سانس کے لئے ہچکیاں لیتے ہوئے دکھائی دیتے ہیں۔یا ان کی سانس رکی ہوئی معلوم ہوتی ہے۔

س۔دمہ کے مریض کو سانس لیتے ہوئے کتنی تکلیف محسوس ہوتی ہے؟

ج۔دراصل انہیں ہوا اندر کھینچنے کے دوران اتنی تکلیف نہیں ہوتی جتنی کہ باہر نکالتے ہوئے محسوس ہوتی ہے۔کیونکہ چھوٹی نالیاں جو بلغم کی وجہ سے اٹ چکی ہوتی ہیں۔ان میں سے سانس کو باہر نکلتے ہوئے سخت مزاحمت کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

س۔دمہ کے مریض کو زیادہ تکلیف کس وقت ہوتی ہے؟

ج۔مریض کو زیادہ تکلیف رات کو سوتے ہوئے محسوس ہوتی ہے۔

س۔دمہ کا آغاز کیسے ہوتا ہے؟

ج۔دمے کا آغاز بتدریج اور اچانک بھی ہو سکتا ہے۔

س۔اچانک دمے کے دوران مریض کا کیا حال ہوتا ہے؟

ج۔دمہ جب اچانک شروع ہوتا ہے تو اس سے پہلے اس مریض کو کھانسی کے دورے پڑتے ہیں۔گلے کے اندر یا چھاتی میں خراش محسوس ہوتی ہے۔

س۔ بتدریج دمہ کے دوران مریض کا کیا حال ہوتا ہے؟

ج۔بتدریج آغاز میں اس کا حملہ تنفس کے انفیکشن پر ہوتا ہے۔اس کا شدید حملہ دل کی دھڑکن اور سانس کی رفتار کو تیز تر کردیتا ہے۔مریض بے چینی اور تھکاوٹ محسوس کرتا ہے ساتھ ہی کھانسی شروع ہوجاتی ہے۔چھاتی میں دباؤ اور تنگی محسوس ہوتی ہے۔پسینہ بہت آتا ہے۔اور قے بھی آنے لگتی ہے۔پیٹ میں درد محسوس ہوتا ہے۔خصوصاً اس صورت میں جبکہ حملہ شدید ہو۔

س۔شدید دمہ کب حملہ آور ہوتا ہے؟

ج۔اگر موسم ابر آلود ہو تو یہ علامات شدت اختیار کرلیتی ہیں۔اور دمہ کی شدید کیفیت طاری ہوتی ہے۔

س۔دمہ کا آغاز کب ہوتا ہے؟

ج۔جب پھیپھڑوں میں سانس کی نالیاں سکڑ جانے کی وجہ سے اندر پہنچی ہوئی سانس کو ہوا کی چھوٹی چھوٹی تھیلیوں میں پھنسا دیتی ہیں۔اور اس طرح سانس کو باہر نکلنا مشکل ہوجاتا ہے۔جب پھیپھڑے اس سانس کو خارج کرنے کے لئے زور لگاتے ہیں۔تو نالیوں کی تنگی کی وجہ سے خرخراہٹ سنائی دیتی ہے۔جوکہ دمے کی ایک مخصوص آواز ہوتی ہے۔

س۔دمہ کے اسباب کیا ہیں؟

ج۔دمہ کے کئی اسباب بیان کئے جاتے ہیں۔ بہت سے ماہرین اسے موسم۔خوراک۔دواؤں اور خوشبوؤں کی وجہ سے جسم کے اندر پیدا ہونے والی الرجی کے خلاف ردعمل کا نتیجہ قرار دیتے ہیں۔

س۔مزید اور کونسی چیزیں دمہ کے اسباب بنتی ہیں؟

ج۔بعض لوگ روئی کی گردوغبار، بعض گندم کی گردوغبار، اور کاغذ کی الرجی کا شکار ہوتے ہیں۔بعض اڑتے ہوئے بیجوں کی وجہ، بعض مویشیوں کے بالوں سے، کیڑوں مکوڑوں اور بالخصوص کاکروچوں کے باعث الرجی سے دوچار ہوتے ہیں۔

س۔کونسی غذائیں الرجی کا سبب بنتی ہیں؟

ج۔غذاؤں میں گندم، انڈے، دودھ، چاکلیٹ، پھلیاں آلو اور گائے کا گوشت زیادہ تر الرجی کا سبب بنتی ہیں۔

س۔داخلی اعضاء واجزاء دمے کا کیسے باعث بنتے ہیں؟

ج۔بعض لوگ جسم کے بعض اعضاء واجزاء کے خلاف معمول، تعامل کے باعث یعنی انزائمنر میں نامناسب ردوبدل یا پھیپھڑوں کے عضلاتی عمل کے نقص کی وجہ سے دمے کا شکار ہوجاتے ہیں۔

س۔کیا جذباتی تناؤ اور موروثی اثرات بھی دمے کا سبب بنتے ہیں؟

ج۔جی ہاں ۔جذباتی تناؤ ۔ماحولیاتی کثافت۔موروثی اثرات شامل ہوجانے کی وجہ سے دمے میں مبتلا ہوجاتے ہیں۔

س۔تحقیق سے کیسے ثابت ہے کہ دمہ ایک وراثتی بیماری ہے؟

ج۔تحقیق سے پتہ چلا ہے کہ جن ماں باپ کو دمہ یا حساسیت کی الرجی ہو تو 100 میں سے 75 کیسز میں ان کی اولاد بھی دمہ یا حساسیت میں مبتلا ہوجاتی ہے۔

س۔جدید میڈیکل سسٹم کے مطابق دمہ کا کیا علاج ہے؟

ج۔جدید میڈیکل سسٹم اس مرض کا علاج دریافت نہیں کرسکا۔دواؤں اور ویکسینوں میں اس کی علامات ختم یا کم کرنے کی صلاحیت بہت ہی محدود ہے۔

س۔یہ دوائیں مریض پر کیا اثر ڈالتی ہیں؟

ج۔ان میں سے بہت سی دوائیں مریض کو اپنا عادی بنالیتی ہیں۔جن کی وجہ سے ان کی خوراک بڑھانا پڑتی ہے۔ایسی دواؤں کی بے شمار اقسام متعارف کرائی جارہی ہیں۔جن سے مرض میں عارضی طور پر افاقہ ہوتا ہے۔اسی دوران دمہ پیچیدہ اور پرانا ہوتا چلا جاتا ہے۔اور اکثر لاعلاج ہوجاتا ہے۔

س۔الرجی دمہ کے لئے کیسے سبب بنتی ہے؟

ج۔الرجی دمہ کا فوری سبب ہے۔بذات خود جسمانی مدافعت کمزور پڑ جانے اور داخلی ہم آہنگی درہم برہم ہوجانے کا اظہار کردیتی ہے۔داخلی نظام کی یہ گڑبڑ غذائی عادات خراب ہونے کا نتیجہ ہوتی ہے۔اور یہی دمے کا حقیقی سبب ہے۔جس کا واحد علاج فطرت کی طرف دوبارہ رجوع کرنا ہے۔

س۔دمے کا فطری طریقہ علاج کیا ہے؟

ج۔دمے کے علاج کا فطری طریقہ فاضل مادوں کو جسم سے خارج کرنے کے فعل کی سستی دور کرنا۔صحیح غذائی عادات اختیار کرنا۔جسم کی تعمیر نو کرنا۔یوگا کے موزوں آسنوں کے مطابق ورزش کرنا ہے۔سب سے پہلے مریض کی آنتوں کی صفائی کے لئے انیما کیا جائے یا دافع قبض ادویات کا استعمال کیا جائے۔تاکہ فاضل زہریلے مادے خارج ہوجائیں۔اور غیر ہضم شدہ غذائی اجزاء سے پیدا شدہ خمیر زائل ہوسکیں۔کیونکہ اس سے آنتوں کی قدرتی حرکت تیز ہوجاتی ہے۔مریض کو سٹیم باتھ کے ذریعہ پسینہ لایا جائے۔اس سے اس کی جلد میں توانائی آئے گی۔اور پھیپھڑوں کا انجماد دور ہوجائے گا۔

س۔دمے کے مریض کو کس چیز کا فاقہ کرانا چاہئے؟

ج۔مریض کو چند روز لیموں کے رس کا فاقہ کرانا چاہئے۔اور اس میں تھوڑا سا شہد بھی ملالینا چاہئے۔

س۔فاقے کے بعد مریض کو کیسی خوراک دینی چاہئے؟

ج۔بعدازاں فروٹ جوس کی خوراک دینا شروع کردیں۔تاکہ اس کا نظام اخراج مضبوط ہو سکے۔اور اندر جمع شدہ زہریلے مادے جلد از جلد خارج ہوجائیں۔آہستہ آہستہ مریض کو ٹھوس غذاؤں پر لے آئیں۔تاہم اسے غلط غذائی عادات ترک کرنا ہوں گی۔

س۔مریض کی خوراک میں کیا چیز شامل ہونی چاہئے؟

ج۔مناسب ترین بات یہ ہے کہ مریض کی غذا میں تیزاب پیدا کرنے والی کاربوہائیڈریٹس فیٹس اور پروٹینز کی محدود مقدار شامل کی جائے۔اور تازہ فروٹ اور سبز پتوں والی سبزیوں، اور ابلے ہوئے چنے وغیرہ وافر مقدار میں کھلائے جائیں۔

س۔ مریض کو کن چیزوں سے پرہیز کرنا چاہئے؟

ج۔مریض کو بلغم پیدا کرنے والی غذاؤں مثلاً دودھ اور دودھ کی مصنوعات، چاول، چینی، مسور، اور دہی سے مکمل پرہیز کرنا چاہئے۔جبکہ تلی ہوئی اشیاء مثلاً پکوڑے، سموسے، مٹھائیاں، آئسکریم، اور دیر ہضم غذائیں بھی نہ کھائے۔خاص طور پر مصالحے۔سرخ مرچیں۔اچار۔چائے اور کافی سے بھی پرہیز کرنا چاہئے۔

س۔مریض کا ناشتہ کن چیزوں پر مشتمل ہونا چاہئے؟

ج۔صبح کا ناشتہ آلو بخارے، کینوں مالٹے، بیری، کشمش، اور شہد پر مشتمل ہونا چاہئے۔

س۔دوپہر کے کھانے میں کیا ہونا چاہئے؟

ج۔سلاد۔ کچی سبزیوں۔ کھیرے۔ٹماٹر۔گاجر۔ چقندر۔ایک یا دو ابلی ہوئی سبزیوں اور گندم کی ایک چپاتی پر ہونا چاہئے۔

س۔مریض کو آخری کھانا کب کھانا چاہئے؟

ج۔مریض کو آخری کھانا غروب آفتاب سے پہلے یا سونے سے دو گھنٹے قبل کھالینا چاہئے۔

س۔دمہ کے مریض کو کھانا کتنا کھانا چاہئے؟

ج۔ایسے مریضوں کو کھانا ہمیشہ اپنی گنجائش کے مطابق کھانا چاہئے۔روٹی اچھی طرح اور آہستہ آہستہ چبا کر کھانی چاہئے۔۔

س۔دمہ کے مریض کو پانی کتنا پینا چاہئے؟

ج۔مریض کو آٹھ دس گلاس پانی لازمی پینا چاہئے۔لیکن کھانے کے ہمراہ پانی یا کوئی دوسرا مشروب ہرگز نہیں پینا چاہئے۔

س۔دمہ کے مریض کی بھوک کا خاتمہ کب ہوتا ہے؟

ج۔دمہ (خاص طور پر جب اس کا حملہ شدید ہو) تو یہ بھوک کا خاتمہ کردیتا ہے۔لہٰذا ایسی صورت میں مریض کو کھانے پر مجبور نہ کیا جائے۔اسے اس وقت تک حالت فاقہ میں رکھا جائے جب تک مرض کی شدت کم نہیں ہوتی۔تاہم اسے ہر دو گھنٹے کے بعد گرم پانی کا ایک کپ پیتے رہنا

چاہیئے ۔اس موقع پر انیما کرنا بہت ہی فائدہ مند ثابت ہوتا ہے۔

س۔شہد دمہ کے مریض کیلئے کیسا ہے؟

ج۔شہد کو علاج دمہ کے لئے بے حد مفید سمجھا جاتا ہے ۔شہد دونوں صورتوں میں مفید ہوتا ہے۔ خواہ اس کے بخارات سونگھے جائیں یا اسے پانی یا دودھ میں ملا کر پیا جائے۔

س۔شہد میں کیا خصوصیت پائی جاتی ہے؟

ج۔ یہ بلغم کے گاڑھے پن کو پتلا کرتا ہے۔ اور تنفس کی نالیوں کو بھی صاف کرتا ہے۔اس کے استعمال سے آئندہ بلغم کی پیداوار رک جاتی ہے۔ بعض تو ماہرین تنفس کی بیماریوں کے لئے ایسا شہد استعمال کرنے کا مشورہ دیتے ہیں جو تقریباً ایک سال پرانا ہو۔

س۔دمہ کے علاج میں لہسن استعمال کرنا کیسا ہے؟

ج۔اگر مرض ابتدائی مراحل میں ہو تو لہسن کی ایک پوتھی 30 گرام دودھ میں ابال کر پلا دی جائے۔ ادرک کی گرم گرم چائے میں ایک پوتھی لہسن پیس کر ملائی جائے اور صبح شام ایک ایک کپ پلانے سے مرض قابو میں آجاتا ہے۔

س۔دمہ کے علاج میں ہلدی استعمال کرنا کیسا ہے؟

ج۔ہلدی کو بھی دمے کا مؤثر علاج بتایا جاتا ہے ۔مریض کو دن میں تین بار ایک ایک چمچ پسی ہوئی ہلدی دودھ کے ہمراہ کھلائی جائے ۔صبح خالی پیٹ ایک چمچ پسی ہوئی ہلدی کھانا بہت جلدی اثر دکھاتا ہے۔

س۔دمے کے علاج میں سرسوں کا تیل کیسے فائدہ مند ثابت ہوتا ہے؟

ج۔جب دمے کا دورہ پڑے تو سرسوں کے تیل میں کافور ملا کر مریض کی پشت اور سینے پر مالش کی جائے ۔اس سے بلغم میں ڈھیلا پن پیدا ہو گا۔اور سانس لینے میں بھی آسانی پیدا ہوگی۔

س۔دمے کے علاج میں اجوائن کیسے فائدہ مند ثابت ہوتا ہے؟

ج۔دمہ کے مریض کو کھولتے ہوئے پانی میں اجوائن ملا کر اس سے نکلنے والی بھاپ سونگھنے سے بھی افاقہ ہو جاتا ہے۔

س: دمے میں السی کا استعمال کیسا ہے؟

ج۔دمہ کے لیے السی (Linseed) پر بہت تحقیق و تجربات ہو چکے ہیں اور ہو رہے ہیں ہم نے بھی اپنی پریکٹس میں بہت سے مریضوں پر تجربات کئے ہیں۔ دمہ و پرانی کھانسی کے لیے اس کا استعمال بے حد مفید ہے۔

س۔دمہ کے مریض کو دیگر قوانین فطرت کیسے فائدہ دے سکتی ہیں؟

ج۔مریض کو دیگر قوانین فطرت سے بھی فائدہ حاصل کرنا چاہیئے ۔ہوا۔دھوپ اور پانی شفاء بخشی کا بہترین ذریعہ ہیں ۔ ہفتے میں ایک بار باقاعدگی سے فاقہ کرنا۔کبھی کبھار انیما کرنا۔تیز اور گہری سانسیں لینے کی ورزشیں ۔تازہ ہوا ۔اور خشک آب و ہوا۔اور ہلکی پھلکی جسمانی ورزشیں اس مرض سے نجات کے قدرتی طریقے ہیں۔

س۔ہومیوپیتھی میں دمہ کا ایسا تجربہ شدہ نسخہ بتائیں جو دمہ کا واقعی مؤثر علاج ہو؟

ج۔ہم ذیل میں ایسے آزمودہ نسخہ جات تحریر کر رہے ہیں جو بفضل خدا مفید بھی ہیں اور بے ضرر بھی۔ان کے ذریعے ضرورت مند لوگ اپنا علاج بآسانی خود گھر پر کر سکتے ہیں۔خصوصاً بچوں کا علاج اس طریق سے ضرور کرنا چاہیئے ورنہ دیگر علاجوں سے وہ دمہ کے دائمی مریض بھی بن سکتے ہیں ۔پھیپھڑوں کے الرجک دمہ کے لئے درج ذیل علاج ہمارے تجربہ میں بفضل خدا بے حد مؤثر ثابت ہوا ہے۔بکثرت مریض چند ماہ کے علاج کے بعد بفضل خدا مکمل طور پر صحت یاب ہو جاتے ہیں۔

نسخہ نمبر 1

Natr.chlor 30 Kalium.phosphoric 30 - Yerba santa 30 - Veratrum 30 , Hypophysis 30 , Natr sulfuric 30 , Carbo veg 30 , Bryonia 30 , Belladonna 30 , Arsen alb 30 .

یہ نسخہ کسی ہومیو سٹور سے 30 طاقت میں ایک ہی شیشی میں لیکوئیڈ فارم میں 20 ایم ایل تیار کروالیں۔اور 100 گرام خالی ہومیو گولیاں خرید لیں ۔ان گولیوں کے اوپر مذکورہ محلول اتنی مقدار میں چھڑکیں کہ کسی قدر گولیاں تر ہو جائیں ۔پانچ سات، گولیاں تین گھنٹہ کے بعد چوستے رہیں ۔ شدید ضرورتوں میں آدھے گھنٹے کے بعد بلکہ پندرہ منٹ کے بعد حسب ضرورت دوا دُہرا سکتے ہیں۔ یہ دوا ایک فرد کے لئے نہیں بلکہ پورے گھر کے لئے کافی ہوسکتی ہے۔

اگر سٹور سے دوا بنوانے کی زحمت گوارا نہ کر سکیں تو مظہر فارما رجسٹرڈ پاکستان کا M 43 براہ راست منگوا کر استعمال کریں۔اس تیار شدہ فارمولا میں دس گنا ہومیو ڈائلوشن ڈال کر دس بارہ جھٹکے دے کر اس دوا کی مقدار کو دس گنا بڑھا سکتے ہیں۔

نسخہ نمبر 2

Mentholum 30 , Ephedrinum hydrochloricum 30, Ammi visnaga 30, Stramonium 30, Lobelia inflata 30, Kalium jodatum 30 , Drosera 30, Convallaria majalis 30 , Aconitum 30 -

یہ نسخہ کسی ہومیو سٹور سے 30 طاقت میں ایک ہی شیشی میں لیکوئیڈ فارم میں 20 ایم ایل تیار کروالیں۔اور 100 گرام خالی ہومیو گولیاں خرید لیں ۔ان گولیوں کے اوپر مذکورہ محلول اتنی مقدار میں چھڑکیں کہ کسی قدر گولیاں تر ہو جائیں ۔پانچ سات، گولیاں تین گھنٹہ کے بعد چوستے رہیں ۔ شدید ضرورتوں میں آدھے گھنٹے کے بعد بلکہ پندرہ منٹ کے بعد حسب ضرورت دوا دہرا سکتے ہیں۔ یہ دوا ایک فرد کے لئے نہیں بلکہ پورے گھر کے لئے کافی ہوسکتی ہے۔

اگر سٹور سے دوا بنوانے کی زحمت گوارہ نہ کر سکیں تو مظہر فارما رجسٹرڈ پاکستان کا M 76 براہ راست منگوا کر استعمال کریں۔ اس تیار شدہ فارمولا میں دس گنا ہومیو ڈائلوشن ڈال کر دس بارہ جھٹکے دے کر اس دوا کی مقدار کو دس گنا بڑھا سکتے ہیں۔

(یہ دونوں نسخے بیک وقت استعمال کر سکتے ہیں بلکہ اس طرح زیادہ فائدہ ہوگا)

گھریلو طبی نباتاتی علاج۔

(HerbalHome Remedy)

السی کے بیج (Linseed) گرائینڈ کر کے ڈیڑھ چمچ کا قہوہ (بغیر دودھ) چینی ملا کر یا بغیر ملائے صبح ،شام پلانا قیمتی فوائد رکھتا ہے۔(چینی کی بجائے سفوف ملٹھی (Liquorice) نصف چمچ ملانا اور بھی زیادہ فائدہ مند ہے)سہاگہ سفید (Borax) توے پر کھل کر کے ایک چمچ کو چار گنا شہد یا شربت بنفشہ میں ملا کر دو تین انگلی چٹانا چاہیئے چند روز میں واضح فائدہ کرتا ہے۔مخرج بلغم ہے۔

چوزے، کبوتر ،بٹیر کی یخنی باقاعدگی کے ساتھ پینا از حد مفید ہے۔ اسی طرح مچھلی یا خرگوش کا گوشت بھی بہت نافع ہے ۔مچھلی یا خرگوش اگر میسر نہ آسکے تو مچھلی کے تیل کے کیپسول CODLIVER OIL CAP کسی میڈیکل سٹور سے خرید کر سارے موسم سرما میں استعمال کرنا خاصے حوصلہ افزاء نتائج پیدا کرتا ہے۔قبض ہو تو چھلکا اسپغول چائے کے 4 تا 6 چمچ ٹھنڈے پانی میں حل کر کے صبح کے وقت پینے کو معمول بنائیں ۔ مگر یاد رکھیں کہ کم مقدار میں لینے سے یہ انتڑیوں میں چپک جاتا ہے لہٰذا بھرپور مقدار میں استعمال کریں ۔اور چند روز استعمال کرنے کے بعد لازماً ایک دو ناغے کریں۔

س۔دمہ کا مجرب نباتاتی علاج بتائیں جو تیار شدہ ادویات بازار سے خریدی جا سکیں؟

ج۔ دمہ کا علاج بذریعہ مرکب نباتاتی ادویات۔

کسی قابل اعتماد دوا ساز ادارے مثلاً اجمل، قرشی، ہمدرد، یا کسی اور ادارے کے تیار کردہ درج ذیل مرکب استعمال کرائیں:۔

لعوق کتان (السی کی خوش ذائقہ چٹنی) ۔یا۔ تریاق نزلہ (بطرز معجون)۔یا لعوق سپستان (لسوڑھیوں کی خوش ذائقہ مخرج بلغم چٹنی) یا لعوق املتاس ۔یا، خمیرہ، بنفشہ۔ یا شربت بنفشہ۔ اطریفل زمانی۔ یا معجون فلاسفہ۔ان ادویات کے استعمال سے پھیپھڑوں کے مواد اخراج پذیر ہوتے ہیں ۔(کسی قابل اعتماد ادارے مثلاً قرشی ،اجمل، ہمدرد کے تیار کردہ مذکورہ بالا مرکبات استعمال کریں۔

اسی طرح ضرورت پڑے تو حب ایارج یا حب قوقایا ، دماغ و سینہ سے ردی فضلات کو بذریعہ اسہال خارج کر کے دائمی نزلہ و دمہ کو دور کرتی ہیں۔کسی قابل اعتماد ادارہ کے تیار کردہ مرکبات استعمال میں لائیں ۔(ترکیب استعمال اوپر درج ہوتی ہے)۔

مریض کیلئے ہدایات:

1۔دمہ کے مریض کو جس چیز سے الرجی ہو اس سے حتیٰ الوسع پرہیز کرے۔

2۔جس قدر ہو سکے اپنی خوراک کم کرے، یعنی تھوڑی خوراک تھوڑے وقفوں سے کھائے کیونکہ زائد از ضرورت خوراک بلغم میں تبدیل ہوکر خرابی پیدا کرے گی۔

3۔خصوصاً شام کا کھانا غروب آفتاب کے ساتھ ہی کھالے مگر پیٹ بھر کر نہ کھائے کھانے کے بعد لازماً ٹہلے جب کھانا ہضم ہو جائے تو پھر سوئے۔

4۔دودھ اور دودھ کی مصنوعات ۔ چربیلے اور تر نوالے کھٹی و بادی اشیاء تمباکو نوشی سے پرہیز لازم ہے۔

5۔ایک انتہائی ضروری و فائدہ مند پھیپھڑوں کی (یوگا) ورزش ہے جسے جاری رکھیں یعنی صبح صاف ستھری ہوا میں صرف گہری اور لمبی سانس 15 منٹ تک لیں اس ورزش سے پھیپھڑوں کی نالیاں کھلتی ہیں اور پھیپھڑوں کو طاقت حاصل ہوتی ہے۔

س۔دمہ کا بائیوکیمک مفید و بے ضرر علاج کیا ہے؟

ج۔بائیو پلاسجن نمبر 2 استعمال کریں .kali Natr mur ، phos Magn،phos Natr sulf مقدار خوراک بالغان چار گولیاں بچے دو گولیاں دن میں چار مرتبہ (10) گنا شوگر آف ملک یا چینی ڈال کر آدھا گھنٹہ خوب گرائینڈ کریں تو یہی چیز تیار ہو جائے گی

فوائد۔ ہر قسم کے دمہ و کھانسی میں از حد مفید ہے

س۔دمہ میں یوگا علاج کیسا ہے؟

ج۔بفضل خدا انتہائی مؤثر پایا ہے صرف اس میں محنت اور باقاعدگی کی ضرورت ہے۔

مسل نمبر 107190 میں

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

Kebiba Jamiko Kimteh

ولد Njunou قوم ...... پیشہ سول ملازمت عمر 34 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن Essau The Gambia بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 03-03-11 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) پلاٹ 30M × 30 واقع Essau مالیت/-18000 Daiasi (2) پلاٹ 15M × 28 واقع Busumbola مالیت/-15000 Daiasi اس وقت مجھے مبلغ/-3800 Daiasi ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Kebiba jamiko Kimteh گواہ شد نمبر1 Issa Duof گواہ شد نمبر2 Ahmad Bah

مسل نمبر 107191 میں Yero Sowe

ولد Nyebeh Sowe قوم ...... پیشہ ملازمت عمر 61 سال بیعت 1990ء ساکن Lamin The Gambia بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 25-02-11 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ/-1000 Daiasi ماہوار بصورت Income مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے العبد۔ Yero Sowe گواہ شد نمبر 1 Ousman Darboe گواہ شد نمبر2 Sheriff Sk Kinteh

مسل نمبر 107192 میں

Dauda Camara

ولد Mama Soliu Camara قوم ...... پیشہ مبلغ / مشنری عمر 36 سال بیعت 1994ء ساکن Frafenni The Gambia بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 08-05-10 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ/-3034 Dalasi ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے العبد۔ Dauda Camara گواہ شد نمبر 1 Hifazat Ahmad Naveed گواہ شد نمبر 2 Foday Saabaly

مسل نمبر 107193 میں

Alimamy A.Bangora

ولد Pa Almamy Bangora قوم ...... پیشہ استاد عمر 40 سال بیعت 1996ء ساکن Rokupr Sierra Leone بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 01-06-10 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) مکان مالیت Leone 20,00,000/- (2) Palm Oil Graden مالیت/-2,40,000 ...... اس وقت مجھے مبلغ Leone ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Alimamy A.Bangora گواہ شد نمبر 1 Naeem Tahir Soan گواہ شد نمبر2 Musa.K.D.Mahmood

مسل نمبر 107194 میں Bakiat Sesay

ولد I.S.M.Sesay قوم ...... پیشہ استاد عمر 65 سال بیعت 1972ء ساکن Mile91 Sireea Leone بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 11-05-10 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) مشترکہ مکان حصہ $\frac{1}{2}$ 60×90ft واقع Mile 91 مالیت/-80,00,000 اس وقت مجھے مبلغ Leone 2,60,000/- ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ Bakiat Sesay گواہ شد نمبر1 Abdulah Qamara گواہ شد نمبر 2 Mir Wasim Uk Rashid

مسل نمبر 107195 میں Yunus

ولد Oladimeji قوم ...... پیشہ ڈرائیور عمر 46 سال بیعت 1991ء ساکن Osogbo Nigeria بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 19-11-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ/-12,000 Naira ماہوار بصورت Income مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Yunus گواہ شد نمبر1 Zakariyya گواہ شد نمبر2 Syed Shahid Ahmad

مسل نمبر 107196 میں

Adesina Moshood

ولد Adesina قوم ...... پیشہ سول ملازمت عمر 43 سال بیعت 1986ء ساکن Osogbo Nigeria بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 23-03-10 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ/-45000 Naira ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے العبد۔ Adesina Moshood گواہ شد نمبر1 Zakariyya گواہ شد نمبر2 Syed Shahid Ahmad

مسل نمبر 107197 میں

Maroof Abdullah

ولد Olaniyi قوم ...... پیشہ سول ملازمت عمر 39 سال بیعت 1989ء ساکن Osogbo Nigeria بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 10-11-09 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ Naira 8500/- ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Maroof Abdullah گواہ شد نمبر1 Zakariyya گواہ شد نمبر 2 Syed Shahid Ahmad

مسل نمبر 107198 میں Dauda

ولد Abdul Azeez قوم ...... پیشہ سرکاری ملازمت عمر 36 سال بیعت 1991ء ساکن Osogbo Nigeria بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 10-11-09 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ Naira 24000/- ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے العبد۔ Dauda گواہ شد نمبر1 Zakariyya گواہ شد نمبر2 Syed Shahid Ahmad

مسل نمبر 107199 میں Saliu

ولد Abdur Rasheed قوم ...... پیشہ پنشنر عمر 68 سال بیعت 1980ء ساکن Osogbo Nigeria بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 30-03-10 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ/-50,000 Naira ماہوار بصورت پنشن مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Saliu گواہ شد نمبر1 Zakariyya گواہ شد نمبر2 Syed Shahid Ahmad

مسل نمبر 107200 میں Saheed

ولد Adedokun قوم ...... پیشہ طالبعلم عمر 28 سال بیعت 1998ء ساکن Osogbo Nigeria بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 03-01-10 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ Naira 3000/- ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Saheed گواہ شد نمبر1 Zakariyya گواہ شد نمبر 2 Syed Shahid Ahmad

مسل نمبر 107201 میں ساجدہ پروین

زوجہ نصیر احمد گھمن قوم ...... پیشہ خانہ داری عمر 45 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن Panj Ghumnan ضلع سیالکوٹ پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 28-03-11 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) حق مہر مبلغ/-20,000 روپے (2) جیولری گولڈ مالیت/-120,000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ/-1000 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ ساجدہ پروین گواہ شد نمبر1 نصیر احمد گھمن ولد سید محمد گھمن گواہ شد نمبر 2 محمد نواز گھمن ولد سلطان احمد گھمن

مسل نمبر 107202 میں مدثر احمد

ولد غلام محی الدین قوم ...... پیشہ بے روزگار عمر 25 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن Malyan Wala ضلع سیالکوٹ پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 01-05-11 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر

